www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara

روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA RANCHI/PATNA

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
Editions:
Patna • New Delhi • Mumbai, Kolkata • Lucknow • Gorakhpur, Kanpur • Hyderabad • Bengaluru

RANCHI/PATNA(DAAK) Pages:12 ₹ 4/-
10/ ربیع الاوّل 1443ھ اتوار «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار
Sunday 17 Oct 2021

12
ورلڈ کپ میں راشد خان کافی خطرناک ثابت ہوں گے

مودی حکومت کی پالیسی سے سرحدیں غیر محفوظ

ووٹ کی سیاست کیلئے ایک مخصوص کمیونٹی کو نشانہ بنایا جا رہا ہے: سونیا

نئی دہلی (یو این آئی)

کانگریس صدر سونیا گاندھی نے ہفتہ کو وزیراعظم نریندر مودی پر خارجہ پالیسی کو لے کر شدید حملہ کرتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کی کمزور پالیسی نے سرحد پر خطرہ پیدا کردیا ہے اور مسٹر مودی اہم ایشوز پر اپوزیشن کو ساتھ نہ لیکر چلنے پر اڑے ہوئے ہیں۔ آج یہاں کانگریس کی اعلیٰ ترین پالیسی ساز تنظیم ورکنگ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مسز گاندھی نے کہا کہ ملک کی خارجہ پالیسی کے حوالے سے ہمیشہ مضبوط پوزیشن رہی ہے لیکن مودی حکومت نے اسے کمزور کردیا ہے اور چین ہماری کمزوری سے دراندازی کر رہا ہے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ یہ حیرت کی بات ہے کہ چین ہماری سرحد میں داخل ہوا ہے اور وزیراعظم نے ملک کے لوگوں سے جھوٹ بولا کہ سرحد پر کوئی دراندازی نہیں ہوئی ہے۔

کسانوں کا مسئلہ اٹھاتے ہوئے مسز گاندھی نے کہا کہ ملک کے کسانوں اور کسانوں کی تنظیمیں زراعت کے خلاف تین کالے قوانین کے خلاف مسلسل لڑ رہی ہیں، لیکن حکومت اپنے کچھ منتخب سرمایہ داروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے ان کے مطالبات کو قبول نہیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے قابل نفرت انگیز عمل ماضی قریب میں لکھیم پور کھیری میں ہوا جہاں کسانوں کو گاڑیوں سے کچل دیا گیا۔ انہوں نے جموں و کشمیر کا مسئلہ بھی اٹھایا اور کہا کہ جموں و کشمیر کے حوالے سے حکومت کی پالیسی واضح نہیں ہے۔ اس دوران دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے اور حکومت ووٹ کی سیاست کے لیے ایک مخصوص کمیونٹی کو نشانہ بنا کر کام کر رہی ہے۔ کانگریس صدر نے حکومت کی معاشی پالیسیوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اس حکومت کی کمزور پالیسی کی وجہ سے ملک کی معاشی حالت ابتر ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی عروج پر ہے اور پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں آسمان چھو رہی ہیں، حکومت اس پر قابو پانے کے لیے کوئی قدم اٹھانے سے قاصر ہے۔

محترمہ گاندھی نے جموں و کشمیر میں حالیہ واقعات کا مسئلہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جموں و کشمیر کے حوالے سے کوئی واضح پالیسی نہیں ہے۔ اس دوران دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے اور حکومت ووٹ کی سیاست کے لیے مخصوص کمیونٹی کو نشانہ بنا کر کام کر رہی ہے اور اس کی شدید مذمت کی جانی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست میں امن اور سماجی ہم آہنگی کو برقرار رکھنا اور لوگوں میں اعتماد پیدا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ مودی حکومت کورونا ویکسینیشن کے تعلق سے بھی معمانی کرتی رہی ہے لیکن کانگریس ورکنگ کمیٹی کی گزشتہ میٹنگ میں جو مدے اٹھائے گئے تھے اور ریاستی حکومتوں نے کورونا کے تعلق سے جو مطالبہ اٹھایا اس کے پیش نظر مرکزی حکومت نے ویکسینیشن کی پالیسی میں تبدیلی کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مودی حکومت کسی کی نہیں سنتی ہے لیکن یہ حیرت کی بات ہے کہ اس معاملے پر اس نے ریاستوں کی بات سنی اور اس کا فائدہ آج ملک کے عوام کو حاصل ہو رہا ہے۔ انہوں نے اتر پردیش اسمبلی انتخابات کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ پارٹی کی انتخابی تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں اور وہ اس الیکشن میں اقتدار حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہے لیکن اس کے لیے سب کو متحد ہوکر الیکشن میں کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اگر سب مل کر کام کریں گے تو پارٹی اتر پردیش اسمبلی انتخابات جیتے گی۔

COMMITTEE MEETING
r, 20
New

میں نے کل وقتی صدر کی طرح ذمہ داری ادا کی

نئی دہلی (یو این آئی)

کانگریس صدر سونیا گاندھی نے پارٹی میں کل وقتی صدر کے لیے تنظیمی انتخابات کرانے کا مطالبہ کرنے والے لیڈروں کو منھ توڑ جواب دیتے ہوئے کہا کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے انہیں 2019 میں جو ذمہ داری سونپی ہے اس میں وہ سب کو ساتھ لے کر چلی ہیں اور پارٹی کو مضبوط بنانے کے لئے انہوں نے اس ذمہ داری کو بخوبی ادا کیا ہے۔ محترمہ گاندھی نے ہفتہ کو یہاں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں کانگریس کی اعلیٰ ترین پالیسی ساز ادارہ ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم میں انتخاب کرانے کا مطالبہ پارٹی میں ہر طرف سے ہو رہا ہے اور سب کے جذبات کے مطابق کانگریس کی مضبوطی کے لیے تنظیمی انتخابات ہونے چاہئیں لیکن پارٹی کے تمام لیڈران اور کارکنان کو اس سے پہلے متحد ہوکر پارٹی کے مفادات کو سب سے اہم رکھتے ہوئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں تنظیمی انتخابات کرانے یا دیگر امور کو پارٹی کے اندر اٹھایا جانا چاہیے۔ پارٹی کے داخلی امور کو عوامی پلیٹ فارم یا میڈیا کے ذریعہ نہیں اٹھایا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے ایک کل وقتی صدر کے طور پر بخوبی اپنی ذمہ داری ادا کی ہے اور عوامی اہمیت کے مسائل اٹھائے ہیں اور انہیں بغیر سوچے سمجھے نہیں جانے دیا ہے۔

کورونا ٹیکہ کاری اور جانچ میں تیزی لائیں

محکمہ صحت کی جائزہ میٹنگ میں وزیراعلیٰ نتیش کمار کی افسران کو ہدایت



پٹنہ (ایس این بی)

وزیراعلیٰ نتیش کمار نے ایک انے مارگ کے سنکلپ میں محکمہ صحت کی جائزہ میٹنگ کی اور افسران کو ضروری ہدایتیں دیں۔ جائزہ میٹنگ میں محکمہ صحت کے ایڈیشنل چیف سکریٹری پرتیہ امرت نے پرزنٹیشن کے توسط سے کورونا کے ساتھ دیگر بیماریوں پر محکمہ کے ذریعہ کئے جا رہے کاموں کی موجودہ صورتحال کی تفصیلی جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ چھٹھ تہوار سے قبل کورونا ٹیکہ کاری مہم کو مزید تیز کیا جائے گا اور جانچ کی تعداد مزید بڑھائی جائے گی۔ 18،19 اور 20 اکتوبر کو کورونا ویکسین کے دوسرے ڈوز کیلئے ڈور ٹو ڈور مہم چلائی جائے گی۔ انہوں نے ڈبلو ایچ او کے ذریعہ موتیہاری ضلع کے ویکسینیشن کو لے کر کئے گئے سروے کی جانکاری دی۔ ڈبلو ایچ او کے سروے میں جانکاری دی گئی ہے کہ موتیہاری ضلع میں 96 فیصد لوگوں کی ٹیکہ کاری ہوچکی ہے۔ میٹنگ کے دوران وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچے ہوئے لوگوں کی ٹیکہ کاری تیزی سے کرائیں۔ آدھار کارڈ نہ رہنے کے سبب جن کی ٹیکہ کاری نہیں ہو پائی ہے ان کا کسی دوسرے شناختی کارڈ کی بنیاد پر ٹیکہ دلائیں اور ان کا آدھار کارڈ بھی ضرور بنوائیں۔

وزیراعلیٰ نتیش کمار نے کہا کہ دیوالی اور چھٹھ تہوار میں ملک کی دیگر ریاستوں میں رہ رہے بہار کے لوگ بڑی تعداد میں یہاں آتے ہیں ان سب کی کورونا جانچ کرائیں، اگر ان کی اب تک ٹیکہ کاری نہیں ہوئی ہے تو انہیں ٹیکہ لگوائیں۔ دیگر ریاستوں میں بہار کے رہ رہے لوگوں کو تشہیری مہم کے توسط سے یہ جانکاری دیں کہ اگر انہوں نے اپنا ٹیکہ اور آر ٹی پی سی آر جانچ کرا لیا ہے تو اس کا سرٹیفکیٹ ساتھ رکھیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریلوے اسٹیشن، بس اسٹینڈ، انٹر اسٹیٹ بارڈر چیک پوائنٹ پر باہر سے آنے والوں پر خاص نظر رکھیں۔ ان مقامات پر بھی کورونا جانچ کا نظم رکھیں۔ نیپال کے قریبی ریاستوں کے سرحدی اضلاع میں بھی کورونا انفکشن پر خصوصی احتیاط برتیں۔ میٹنگ میں وزیر صحت منگل پانڈے، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سکریٹری دیپک کمار، چیف سکریٹری ترپوراری شرن، ڈیولپمنٹ کمشنر عامر سبحانی، وزیراعلیٰ کے سکریٹری انوپم کمار، ریاستی ہیلتھ سوسائٹی کے اکزیکیوٹو ڈائرکٹر سنجے کمار سنگھ اور دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے۔

کورونا معاملات میں کمی کا سلسلہ جاری

نئی دہلی (یو این آئی)

ملک میں کورونا انفکشن کے یومیہ معاملات میں کمی اور اس بیماری کو شکست دینے والوں کی تعداد میں مسلسل اضافے کے درمیان شفایابی شرح بڑھ کر 98.08 فیصد ہوگئی ہے۔ اس درمیان ملک میں جمعہ کو آٹھ لاکھ 36 ہزار 118 افراد کو کورونا کے ٹیکے لگائے گئے ہیں اور اب تک کل 97 کروڑ 23 لاکھ 77 ہزار 045 افراد کو ویکسین دی جا چکی ہے۔ مرکزی وزارت صحت کی جانب سے ہفتہ کی صبح جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 15981 نئے کیسز کی تصدیق ہوئی، جس کی وجہ سے متاثرہ افراد کی تعداد بڑھ کر تین کروڑ 40 لاکھ 53 ہزار 573 ہوگئی ہے۔ اسی دوران 17861 مریضوں کی صحت یابی کے بعد کورونا سے پاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 3 کروڑ 33 لاکھ 99 ہزار 961 ہوگئی ہے۔

آرہ ریمانڈ ہوم میں قیدی بچے کی خودکشی

افراتفری کے ماحول میں مختلف الزام میں بند 10 لڑکے فرار

آرہ (ایس این بی) دھنوپرا کے ریمانڈ ہوم میں جمعہ کی رات ایک بچہ قیدی نے باتھروم کے اندر گلے میں گمچھا باندھ کر خودکشی کر لی۔ اس پر گاؤں کی ایک لڑکی کو دہلی بھگا لے جانے کا الزام تھا۔ بچے کی موت کے بعد افراتفری مچ گئی۔ اس کا فائدہ اٹھا کر 10 دیگر قیدی بچے مین توڑ کر فرار ہوگئے۔ مہلوک لڑکا بکسر ٹاؤن تھانہ حلقہ کے بدھن پورواگاؤں کا رہنے والا تھا۔ ریمانڈ کے انچارج سپرنٹنڈنٹ روی شنکر ورما نے بتایا کہ یہاں 87 قیدی بچے ہیں۔ ان میں 14 کورنٹائن روم میں رہتے ہیں۔ اسی میں وہ لڑکا بھی تھا۔ اسے اغوا کے معاملے میں 6 اکتوبر کو یہاں لایا گیا تھا۔ جمعرات کی رات قریب 3.30 بجے ہر روز کی طرح ریمانڈ ہوم کی ریکھا دیوی نے سبھی قیدیوں کو کھانا دیا۔ کھانا کھانے کے بعد مونو باتھ روم گیا اور دروازہ بند کر لیا۔ اس کے بعد اس نے گلے میں گمچھا باندھ کر پھانسی لگا لی۔ کچھ دیر گزر جانے کے بعد جب باتھ روم کا دروازہ نہیں کھلا تو دیگر قیدی بچوں نے ہنگامہ شروع کر دیا۔ آواز سن کر ملازم وہاں پہنچے اور باتھ روم کا دروازہ توڑا۔ تو دیکھا کہ گمچھے کے پھندے سے لڑکا لٹک رہا ہے۔ فوراً اسے صدر اسپتال لے جایا جانے لگا لیکن راستے میں ہی اس نے دم توڑ دیا۔ انچارج سپرنٹنڈنٹ روی شنکر نے بتایا کہ ریمانڈ ہوم میں آنے کے کچھ دن بعد ہی اس نے فینائل پی کر جان دینے کی کوشش کی تھی۔ اس وقت ڈاکٹروں کی مدد سے اسے بچا لیا گیا تھا۔ وہیں فرار ہونے والے 10 بچہ قیدی کی تلاش میں چھاپہ ماری کی جا رہی ہے۔ کچھ لوگوں سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔ مہلوک لڑکے کے بڑے بھائی نے بتایا کہ وہ گاؤں کی ہی ایک لڑکی کو لے کر دہلی بھاگ گیا تھا۔ جس پر لڑکی کے گھر والوں نے اغوا کرنے کا معاملہ درج کرا دیا تھا۔ پولیس دبش کے سبب ہم لوگ دہلی سے دونوں کو پکڑ کرلائے اور پولیس کو سونپ دیا۔

JEE امتحان کے نتائج کا اعلان □ مرڈل بنے ٹاپر

لڑکیوں میں آئی آئی ٹی دہلی زون کی کاویا چوپڑا کو پہلا مقام

نئی دہلی (ایجنسیاں)

'جوائنٹ انٹرنس اگزام نیشن ایڈوانس' (جے ای ای) کے نتائج جمعہ کو اعلان کیے گئے۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (آئی آئی ٹی) دہلی زون کے مردل اگروال نے امتحان میں ٹاپ کیا ہے، جبکہ دہلی زون کی ہی کاویا چوپڑا نے لڑکیوں میں ٹاپ کیا ہے۔ جے ای ای ایڈوانس 2021 کا انعقاد انسٹی ٹیوٹ، آئی آئی ٹی کھڑگ پور ہے، جس نے رزلٹ کے ساتھ ہی 'فائنل آنسر کی' جاری کر دی ہے۔ اس امتحان میں شریک ہونے والے تمام امیدوار اب سرکاری ویب سائٹ پر اپنا رزلٹ چیک کر سکتے ہیں۔ آئی آئی ٹی کھڑگپور نے 3 اکتوبر کو جے ای ای ایڈوانس 2021 کا امتحان لیا تھا۔ اس کے بعد 10 اکتوبر کو 'آنسر-کی' جاری کی گئی اور طلبا کو اعتراضات کرنے کا موقع دیا گیا۔ طلبا کو 11 اکتوبر تک کا وقت دیا گیا۔ اس دوران اگر کسی امیدوار کو لگتا ہے کہ ان کا جواب درست ڈھنگ سے جانچا نہیں گیا ہے، تو وہ اس پر اعتراض کر سکتے ہیں۔ اس امتحان میں کل ایک لاکھ 41 ہزار 699 طلبا نے شرکت کی تھی، جن میں سے 41 ہزار 862 نے کامیابی حاصل کی، جن میں سے 6 ہزار 452 طالبات ہیں۔

واضح رہے کہ مردل اگروال نے جے ای ای مین میں 2021 کے امتحان میں بھی ٹاپ کیا تھا۔ انہوں نے سیشن ایک اور سیشن دو میں 300 مارکس کے ساتھ 100 پرسنٹائل حاصل کیا تھا۔ لڑکیوں کے زمرے میں آئی آئی ٹی دہلی زون کی ہی کاویا چوپڑا نے پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ انہیں 360 میں 285 مارکس ملے ہیں۔ جے ای ای ایڈوانس 2021 میں ٹاپ ٹین طلبا میں (1) مردل اگروال، (2) دھننجے رمن، (3) اننت لونیا، (4) راما سوامی سنتوش ریڈی، (5) پولو لکشمی سائی لوکیش ریڈی، (6) سونی نمن نرمال، (7) کارتک شری کمار نائک، (8) چیتن اگروال، (9) ارنب ادتیہ سنگھ اور (10) موڈلا رشی کیش ریڈی ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ جے ای ای مین میں بہتر اسکور کرنے والے کامیاب امیدواروں میں 2.5 لاکھ طلبا کو جے ای ای ایڈوانس میں بیٹھنے کا موقع ملتا ہے۔ جے او ایس اے اے کے تحت رجسٹریشن اور چوائس فیلنگ کا عمل 16 اکتوبر سے شروع ہوگا۔

گہلوت کا دہلی دورہ، کابینہ میں توسیع کی قیاس آرائیاں

جے پور (یو این آئی) راجستھان کے وزیراعلیٰ اشوک گہلوت کے کانگریس ورکنگ کمیٹی میں میٹنگ میں شرکت کیلئے دہلی روانہ ہونے پر ریاستی کابینہ میں توسیع اور تنظیم میں ردوبدل کے بارے میں قیاس آرائیاں تیز ہوگئی ہیں۔ پنجاب میں کیپٹن امریندر سنگھ کو تبدیل کرنے کے وقت پنجاب کانگریس کے انچارج ہریش راوت نے ایک بیان میں کہا تھا کہ جب مسٹر گہلوت کا طیارہ شمال سے دہلی جاتا ہے تو یہ خیال کیا جاتا ہے کہ کابینہ میں توسیع بہت جلد ہونے والی ہے۔ ریاست کے وزیر محصولات مسٹر چودھری سے اس وقت پوچھا گیا کہ کابینہ میں کب توسیع کی جائے گی۔ بیان کی بنیاد پر ریاست میں کابینہ کی توسیع کی بحث نے زور پکڑ لیا ہے۔ اس سے قبل راجستھان کانگریس کے انچارج اجے ماکن نے کابینہ میں توسیع کے بارے میں کئی بار اشارہ کیا تھا، لیکن یہ بات چیت تک محدود رہی۔ مسٹر ماکن نے جے پور میں ایم ایل اے سے بھی ملاقات کی اور حکومت اور وزراء کے بارے میں رائے لی۔

گلوبل ہنگر انڈیکس: 116 ممالک کی فہرست میں ہندوستان 101 ویں نمبر پر

نئی دہلی (ایجنسیاں)

گلوبل ہنگر انڈیکس (جی ایچ آئی) کی فہرست جاری ہوگئی ہے۔ اس فہرست کے مطابق ہندوستان میں فاقہ کشی کی صورتحال پہلے سے بھی کہیں زیادہ تشویشناک ہوگئی ہے۔ 116 ممالک کی فہرست میں ہندوستان 101 ویں نمبر پر آگیا ہے۔ اس سے قبل 2020 کی فہرست میں ہندوستان 94 ویں مقام پر تھا۔ گلوبل ہنگر انڈیکس رپورٹ میں ہندوستان کو 'الارمنگ' ہنگر زمرے میں رکھا گیا ہے۔ ہندوستان فاقہ کشی کے معاملے میں پاکستان، نیپال اور بنگلہ دیش سے بھی پیچھے ہوگیا ہے۔ تاہم ہندوستان کے پڑوسی ممالک نیپال، بنگلہ دیش، میانمار اور پاکستان کو بھی الارمنگ ہنگر زمرے میں رکھا گیا ہے، لیکن پھر بھی ان ممالک نے ہنگر انڈیکس میں ہندوستان سے بہتر مظاہرہ کیا ہے۔

◄ فاقہ کشی کے معاملے میں پاکستان، بنگلہ دیش اور نیپال سے بھی پیچھے ہوا ہندوستان

دنیا بھر میں بھوک اور نقص تغذیہ کی حالت کی جانکاری دینے والے گلوبل ہنگر انڈیکس (جی ایچ آئی) کی ویب سائٹ پر جمعرات کو جاری اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس فہرست میں چین، برازیل اور کویت سمیت 18 ممالک سرفہرست ہیں، جن کا جی ایچ آئی اسکور 5 سے کم ہے۔ اس رپورٹ میں ہندوستان کا جی ایچ آئی اسکور 28.8 سے 27.5 کے درمیان رہا، جو 2000 میں 38.8 تھا۔ اس رپورٹ کو آئرلینڈ کی ایجنسی کنسرن ورلڈوائڈ اور جرمنی کی تنظیم ویلٹ ہنگر ہلف نے مل کر تیار کیا ہے۔ 2020 میں اس فہرست میں 107 ممالک تھے، تب ہندوستان 94 ویں مقام پر تھا۔ اب اس سال اس فہرست میں 116 ملک ہو گئے ہیں، تو ہندوستان 101 ویں مقام پر پھسل گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان سب سے زیادہ چائلڈ ویسٹنگ والا ملک ہے، جہاں کووڈ-19 وبا اور اس کے سبب لگائی گئی پابندیوں سے لوگ بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ غور طلب ہے کہ ہندوستان کے پڑوسی ممالک کی گلوبل ہنگر انڈیکس میں حالت زیادہ بہتر ہے۔ اس فہرست میں نیپال 76 ویں مقام پر، جبکہ بنگلہ دیش بھی 76 ویں مقام پر ہے اور پاکستان 92 ویں مقام پر ہے، جبکہ میانمار 71 ویں مقام پر ہے۔ رپورٹ میں ان ممالک میں بھی بھوک کی حالت کو فکر انگیز قرار دیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ ملک ہندوستان کے مقابلے اپنے شہریوں کی بھوک مٹانے میں کہیں زیادہ بہتر حالت میں ہیں۔ واضح رہے کہ جی ایچ آئی اسکور 4 پیرامیٹرز کی بنیاد پر تیار کیا جاتا ہے۔ یہ 4 پیرامیٹرز ہیں: غذائیت کی کمی، چائلڈ ویسٹنگ (5 سال سے کم عمر کے ایسے بچے جن کا وزن لمبائی کے حساب سے کم ہے)، چائلڈ اسٹنٹنگ (5 سال سے کم عمر کے ایسے بچے جن کی عمر کے حساب سے لمبائی کم ہے) اور بچوں کی شرح اموات۔ شرح (5 سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات)۔ رپورٹ کے مطابق ہندوستان میں 1998 سے 2002 کے درمیان چائلڈ ویسٹنگ 17.1 فیصد تھی، جو 2016 سے 2020 کے درمیان بڑھ کر 17.3 فیصد ہوگئی۔

◄ جی ایچ آئی اسکور 28.8 سے 27.5 کے درمیان رہا، جو 2000 میں 38.8 تھا۔

چنئی چوتھی بار بنا آئی پی ایل چمپئن

دوبئی: سلامی بلے باز ڈو پلیسس (86) کی بہترین نصف سنچری اور روبن اتھپا (31) اور معین علی (ناٹ آؤٹ 37) کی جارحانہ اننگز سے چنئی سپر کنگس نے کولکاتا نائٹ رائڈرس کو 27 رن سے شکست دے کر چوتھی بار آئی پی ایل چمپئن بننے کا فخر حاصل کرلیا۔ پورے آئی پی ایل میں گائیکواڑ نے 635 رنز بنائے اور ان کے سر اورنج کیپ سجا، جبکہ ہرشل پٹیل کل 32 وکٹ لے کر پرپل کیپ کے حقدار بنے۔ (تفصیلی خبر کھیل کھلاڑی پر)

پنجاب کانگریس کے کیپٹن بنے رہیں گے سدھو

نئی دہلی (ایجنسیاں)

نوجوت سنگھ سدھو پنجاب میں کانگریس کے کیپٹن بنے رہیں گے۔ راہل گاندھی سے ملاقات کے بعد سدھو نے اپنا استعفیٰ واپس لے لیا ہے۔ سابق وزیراعلیٰ کیپٹن امریندر سنگھ کی مخالفت کے باوجود ریاستی کانگریس کے صدر بنائے گئے سدھو نے نئے وزیراعلیٰ چنی سے ناراضگی کے بعد استعفیٰ دے دیا تھا۔ وہ اہم عہدوں پر تقرریوں میں دخل قبول نہ کئے جانے کی وجہ سے ناراض تھے۔ پنجاب کے کانگریس انچارج ہریش راوت نے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے (سدھو) راہل گاندھی کو اپنی پریشانی بتائی ہے۔ ہم نے انہیں بتایا ہے کہ ان کی تشویش کو دھیان میں رکھا جائے گا۔ انہوں نے راہل گاندھی کو یقین دلایا کہ انہوں نے اپنا استعفیٰ واپس لے لیا ہے اور ریاستی کانگریس کمیٹی کے صدر کے طور پر اپنا کام کرتے رہیں گے۔ راہل گاندھی سے ملاقات کے بعد ان کی رہائش گاہ کے باہر سدھو نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی خدشات تھے، میں نے راہل گاندھی سے اشتراک کئے ہیں، سب کچھ ٹھیک کر لیا گیا ہے، تاہم ابھی یہ اطلاع نہیں ملی ہے کہ پارٹی نے سدھو سے کیا کیا وعدے کئے ہیں۔ اس سے ایک دن قبل انہوں نے وینوگوپال اور ہریش راوت سے ملاقات کی تھی۔

تبدیلی مذہب اور دراندازی کو روکنے کیلئے این آر سی ضروری

ہندوستان کی آبادی میں اضافے کی شرح میں مذہبی عدم توازن پر آر ایس ایس سربراہ موہن بھاگوت کا اظہار تشویش

ناگپور (یو این آئی)

راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سربراہ موہن بھاگوت نے ہندوستان کی آبادی میں اضافے کی شرح میں مذہبی عدم توازن پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ملک کی وحدت اور سالمیت کیلئے خطرہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ قومی شہریت رجسٹر تبدیلی مذہب اور دراندازی کو روکنے کیلئے ضروری ہے۔ جمعہ کو یہاں وجے دشمی کے موقع پر سنگھ کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر بھاگوت نے کہا کہ آبادی کنٹرول ضروری ہے اور اس کیلئے آبادی کی پالیسی بنائی چاہیے، جو سب پر یکساں طور پر لاگو ہو۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کی مجموعی آبادی بالخصوص سرحدی علاقوں میں آبادی کے تناسب میں بڑھتا ہوا عدم توازن، مختلف فرقوں کی آبادی میں اضافے کی شرح میں وسیع تغیر کی وجہ سے غیر ملکی دراندازی اور تبدیلی مذہب کیلئے سنگین بحران کا باعث بن سکتی ہے۔ مسٹر بھاگوت نے بتایا کہ 1951 اور 2011 کے درمیان آبادی میں اضافے کی شرح میں مذہبی فرق کی وجہ سے، جبکہ ہندوستان میں پیدا ہونے والے فرقوں کے پیروکاروں کا تناسب ملک کی آبادی میں کم ہوا ہے، مسلم آبادی کا تناسب بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ باہر سے آئے تمام فرقوں کی پیروی کرنے والوں سمیت ہر ایک کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ہمارے روحانی عقیدے اور عبادت کے طریقہ کار کی انفرادیت کے علاوہ ہم سب ایک ہی ہندو اجداد کی اولاد ہیں جو ایک سناتن قوم میں پلے بڑھے ہیں، ایک معاشرہ، ایک ثقافت، ہماری ثقافت کسی کو اجنبی نہیں سمجھتی۔ ہندوستانیت قربت اور معاشرے کے درمیان توازن ہے۔ مسٹر بھاگوت نے کہا کہ ہندوستانی ہونے پر یقین رکھنے والے مختلف مذاہب کے لوگ ہمارے آباؤ اجداد کے نظریات کو سمجھتے ہیں۔ کسی کو کسی زبان، عبادت کے نظام کو ترک کرنے کی ضرورت نہیں، بنیاد پرست سوچ کو چھوڑنا ضروری ہے۔ مسلمان ہونے پر کوئی اعتراض نہیں، قوم پرست سوچ ضروری ہے، ہندو سماج ہر کسی کو اپنا لیتا ہے۔ بہت سے مسلمان قابل نمونہ ہیں، یہی وجہ ہے کہ اس ملک نے کبھی حسن خان میواتی، حکیم خان سوری، خدا بخش، غوث خان اور اشفاق اللہ خان جیسے ہیرو دیکھے۔ وہ سب کیلئے مثالی ہیں۔



سنگھ سربراہ مسٹر بھاگوت نے کہا کہ آج بھی ملک کو تقسیم کرنے کی کوششیں جاری ہیں اور ایسے لوگوں نے اتحاد بھی کیا ہے۔ ہندو سماج کو تقسیم کرنے کیلئے بہت سی کوششیں جاری ہیں۔ اسی لیے ہندوستان اور اس سے متعلقہ چیزوں کی مذمت کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ اتنے قدیم عرصے سے دنیا دیکھ رہی ہے کہ اسے کس طرح تباہی اور خرابی سے بچایا گیا ہے۔ یہ حملے ہندوستان میں اس خوف کی وجہ سے جاری ہیں کہ اگر ہم مضبوط ہیں تو وہ آگے نہیں بڑھ سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر سے آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد لوگوں کا خوف ختم ہوگیا ہے، اس لیے دوبارہ خوف پیدا کرنے کیلئے ملک دشمن قوتیں وہاں 'ٹارگٹ کلنگ' کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مسلک، صوبہ اور زبان کے فرق کی وجہ سے معاشرے میں تقسیم تھی اور آزادی کے بعد تقسیم کا دکھ بہت بڑا ہے۔ لہٰذا اتحاد اور سالمیت کی پہلی شرط امتیاز کے بغیر ایک معاشرہ ہے، ہمیں تقسیم کے درد کو نہیں بھولنا چاہیے۔ ہم آہنگی کیلئے تمام معاشروں اور فرقوں کے لوگوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ تیوہار ایک ساتھ منائیں۔ تمام برادریوں کے لوگوں نے رام مندر کی تعمیر میں فنڈ جمع کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ مسٹر بھاگوت نے کہا کہ اگر ہندوتو اٹھے گا تو پھر ان لوگوں کی دکان بند ہوجائے گی، جو اختلاف کا کاروبار کرتے ہیں۔

اسرائیلی سفارتکار کی آر ایس ایس کی تقریب میں شرکت

ناگپور (یو این آئی) اسرائیلی سفارتکار کوبی شوشانی نے آج آر ایس ایس کے پروگرام میں شرکت کی، جو آج وجے دشمی کے موقع پر منعقد ہوئی۔ آر ایس ایس نے ٹوئٹ کے ذریعہ اسرائیلی قونصل جنرل مسٹر شوشانی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کرنے کی اطلاع دی۔ آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت نے ناگپور میں آر ایس ایس ہیڈ کوارٹر میں اپنا خطاب شروع کرنے سے پہلے 'شستر پوجا' کی۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری، مہاراشٹر کے سابق وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس اور دیگر قائدین نے تقریب میں شرکت کی۔ اپنے وجے دشمی کے خطاب میں مسٹر بھاگوت نے کووڈ کے دوران کی جانے والی سرگرمیوں، خیالات، منصوبوں، سماجی خدمات سے متعلق سرگرمیوں اور کووڈ کی ممکنہ تیسری لہر کو روکنے کیلئے تیاریوں کا ذکر کیا۔

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کا سلسلہ جاری

نئی دہلی (یو این آئی)

بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں ابال جاری رہنے کے درمیان ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ہفتے کے روز مسلسل تیسرے دن 35-35 پیسے فی لیٹر کا اضافہ ہوا۔ دارالحکومت دہلی میں آج پٹرول 35 پیسے فی لیٹر سے بڑھ کر 105.49 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 94.22 روپے فی لیٹر ہوگیا ہے۔ اس سے قبل پیر کو مسلسل ساتویں دن گھریلو پٹرول 30 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل 35 پیسے فی لیٹر مہنگا ہوا۔ اس کے بعد دو دن تک سکون رہا لیکن اس کے بعد سے قیمتوں میں اضافہ کا دور شروع ہوگیا۔ اضافے کے بعد ممبئی میں پٹرول 111.43 روپے اور ڈیزل 102.15 روپے فی لیٹر ہوگیا ہے۔ مدھیہ پردیش کے دارالحکومت بھوپال میں پٹرول 114.09 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 103.40 روپے فی لیٹر مہنگا ہوگیا ہے۔ جھارکھنڈ کے دارالحکومت رانچی میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں ایک ساتھ سنچری بنانے کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ رانچی میں پٹرول 99.92 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 99.44 روپے فی لیٹر تک پہنچ گیا ہے تاہم رانچی میں پٹرول اب بھی پورے ملک میں سب سے سستا ہے۔ ملک کے بیشتر بڑے شہروں میں پٹرول کی قیمت 100 روپے فی لیٹر سے تجاوز کرچکی ہے اور ملک کے بیشتر بڑے شہروں میں ڈیزل بھی اب سنچری کی طرف بڑھ رہا ہے۔ کچھ شہروں میں ڈیزل 100 روپے سے تجاوز کر گیا ہے۔ اس مہینے میں اب تک ان دونوں ایندھنوں کی قیمتوں میں 16 دنوں میں سے 13 دن اضافہ ہوا ہے۔ اس ماہ اب تک پٹرول 3.85 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 4.35 روپے فی لیٹر مہنگا ہو چکا ہے۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل اب بھی اونچی سطح پر برقرار ہے۔

امریکہ میں جمعہ کو ہفتے کے آخر میں خام تیل میں اضافہ ہوا۔ اس دوران برینٹ کروڈ 0.86 ڈالر کے اضافے کے ساتھ 84.86 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گیا۔ امریکی خام تیل 1.17 ڈالر اضافے کے ساتھ 82.28 ڈالر فی بیرل ہوگیا۔ آئل مارکیٹنگ کمپنی انڈین آئل کارپوریشن کے مطابق دہلی میں پٹرول 105.49 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 94.22 روپے فی لیٹر تک پہنچ گیا۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا روزانہ جائزہ لیا جاتا ہے اور اسی بنیاد پر ہر روز صبح 6 بجے سے نئی قیمتوں کا اطلاق ہوتا ہے۔